# 01-03-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

(۱) وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کل ونپرتی میں 6 ہزار کروڑ روپے پر مشتمل خودروزگار اسکیم کا آغاز کریں گے، جس کا مقصد بیروزگار نوجوانوں کو مواقع فراہم کرنا ہے۔

(۲) کوئلہ کے مرکزی وزیر کشن ریڈی نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی جانب سے پراجکٹس اور مرکز سے فنڈس کے حصول کے معاملہ میں ان پر لگائے گئے الزامات کی آج مذمت کی ہے۔

(۳) وزیر جو پلی کرشنا راؤ نے کہا ہے کہ ایس ایل بی سی سرنگ میں جاری بچاؤ آپریشن میں شدت پیدا کردی گئی ہے اور توقع ہے کہ لاپتہ مزدوروں کے تعلق سے تفصیلات کل تک سامنے آجائیں گی۔

اور

(۴) ٹی ایس،ای اے پی سیٹ کیلئے درخواستیں داخل کرنے کا مرحلہ آج شروع ہوا ہے۔

SCHEME:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کل ونپرتی میں 6 ہزار کروڑ روپے پر مشتمل خودروزگار اسکیم کا آغاز کریں گے، جس کا مقصد بیروزگار نوجوانوں کو مواقع فراہم کرنا ہے۔ اس اسکیم کے تحت ایس سی، ایس ٹی، بی سی اور اقلیتی کارپوریشنوں کے ذریعہ خودروزگار کے یونٹس تقسیم کئے جائیں گے۔ حکومت نے ان یونٹس کے لئے بینکرس پر زور دیا ہے کہ وہ قرض کی منظوری کے عمل میں سرگرمی سے حصہ لیں۔

ADD SCHEME:

تلنگانہ اقلیتی فینانس کارپوریشن کے چیرمین عبیداللہ کوتوال نے کہا ہے کہ اندراماں مہیلا شکتی اسکیم کے تحت ریاست بھر میں دو مرحلوں کے دوران 40 ہزار سلائی مشینیں مفت تقسیم کی جائیں گی۔ عبیداللہ کوتوال نے کہا کہ سی ایم ریونت ریڈی کل ونپرتی میں مشینیں حوالے کریں گے۔ پہلے مرحلہ میں 9 اضلاع میں 10 ہزار 490 سلائی مشینیں جبکہ دوسرے مرحلہ میں 31 ہزار 740 مشینیں مفت تقسیم کی جائیں گی۔

GROWTH X:

آئی ٹی اور صنعتوں کے وزیر سری دھر بابو نے کہا ہے کہ حکومت ریاست کو آنے والی دہائیوں میں ٹریلین ڈالر والی معیشت میں

تبدیل کرنے کے نشانہ کو حاصل کرنے کے لئے کام کررہی ہے۔ انہوں نے ایچ آئی سی سی حیدرآباد میں اولین گروتھ ایکس 2025ء کانفرنس کا افتتاح کیا۔ یہ کانفرنس، فیڈریشن آف تلنگانہ چیمبرس آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی جانب سے منعقد کی جارہی ہے۔ سریدھر بابو نے اس موقع پر اس بات کا حوالہ دیا کہ حکومت نے مذکورہ مقصد کے حصول کے لئے مختلف پالیسیوں پر مبنی فیصلے کئے ہیں۔ انہوں نے چھوٹی اور اوسط درجہ کے کاروباریوں پر زور دیا کہ نئی تکنالوجی کو اپنائے اور ان کے تعلق سے معلومات میں اضافہ کریں۔ وزیر کے مطابق گروتھ ایکس جیسی کانفرنسوں سے صنعتوں کو ٹیکنیکل معاملہ میں درپیش چیالنجس سے نمٹنے میں مدد ملے گی۔ عام زندگی میں مصنوعی ذہانت کے بڑھتے رول کو اجاگر کرتے ہوئے سری دھر بابو نے اس بات کی ضرورت پر زور دیا کہ صنعتوں کو پیداوار اور منافع میں اضافہ کے لئے نئی تکنالوجیوں کو فوری اپنانا ہوگا۔ انہوں نے ایف ٹی سی سی آئی جیسے اداروں کو تجویز دی کہ نئی تکنالوجی کے تعلق سے بیداری پیدا کی جائے۔ اس کانفرنس میں محکمہ صنعتوں کے اسپیشل چیف سکریٹری جیش رنجن، صنعتوں کے لیڈرس نے شرکت کی۔

CABINET:

ریاستی کابینہ کا اجلاس اس ماہ کی 6 تاریخ کو ہوگا۔ اجلاس میں بی سی طبقہ کو 42 فیصد تحفظات اور ایس سی کلاسی فیکیشن سے متعلق بلوں کی منظوری کے تعلق سے بات چیت کی جائے گی۔ اسی طرح ان بلوں کو منظوری دینے کے لئے اسمبلی کے خصوصی سیشن کی تاریخ کو بھی قطعیت دی جائے گی۔ اس کے علاوہ توقع ہے کابینہ، اسمبلی بجٹ سیشن کے تعلق سے بھی فیصلہ کرے گی۔

CPM:

سی پی ایم پارٹی کے ریاستی سکریٹری جان ویزلی نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ایس ایل بی سی سرنگ حادثہ کے تعلق سے ماہرین کی ایک کمیٹی تشکیل دی جائے اور عدالتی تحقیقات کرائی جائے۔ انہوں نے نلگنڈہ میں میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ اس نے ابھی تک اس حادثہ کی وجوہات ظاہر نہیں کی ہیں۔ جان ویزلی نے کہا کہ مذکورہ حادثہ کو ٹالا جاسکتا تھا اگر کاموں کو دوبارہ شروع کرنے کا مرحلہ مناسب انداز میں کیا جاتا۔ انہوں نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ مرکزی حکومت اس معاملہ میں خاموش تماشائی بنی رہی اور کسی بھی طرح تکنیکی مدد فراہم کرنے میں ناکام رہی۔

SHOPS:

ریاستی حکومت نے ماہ رمضان المبارک کے دوران شہر حیدرآباد میں دوکانات 24 گھنٹے کھلے رکھنے کی اجازت دی ہے۔ اس سلسلہ میں جاری کردہ احکام اس ماہ کی 31 تاریخ تک نافذ رہیں گے۔

CENSUS:

ریاستی حکومت کی جانب سے شروع کردہ ذات پات کے سروے کا دوسرا مرحلہ کل ختم ہوا۔اس مرحلہ کے دوران جملہ 18 ہزار 539 خاندانوں نے اپنی تفصیلات درج کرائیں۔ دوسرے مرحلہ میں 3.56 لاکھ خاندانوں کی تفصیلات حاصل کرنے کا نشانہ تھا تاہم صرف 5.21 فیصد ہی نشانہ حاصل کیا گیا۔

INTER:

اس ماہ کی 5 تاریخ سے شروع ہونے والے انٹرمیڈیٹ امتحانات کے دوران طلبہ کو الکٹرانک اشیاء بشمول کلائی کی گھڑی ساتھ رکھنے کی اجازت نہیں رہے گی۔عہدیداروں نے کہا ہے کہ گھڑی باندھے طلبہ کو داخلہ نہیں دیا جائے گا۔طلبہ کو وقت جاننے میں مدد دینے کے لئے ہر 30 منٹ کے وقفہ سے گھنٹی بجائے جائے گی۔اس کے علاوہ چیف سکریٹری شانتی کماری نے امتحانی مراکز کے آس پاس زیراکس کی تمام دوکانات بند رکھنے کی ہدایت بھی دی ہے۔

PWOER:

محکمہ برقی نے کہا ہے کہ 26 فروری کو برقی کی سب سے زیادہ طلب ہوئی جو 16 ہزار 601 میگاواٹ رہی۔اس طرح ریاست کی تاریخ میں یہ سب سے زیادہ برقی درج کی گئی۔عہدیداروں نے اندازہ لگایا ہے کہ ماہ مارچ کے دوران روزانہ برقی کی طلب 17 ہزار 500 میگاواٹ تک پہنچ سکتی ہے۔محکمہ برقی کے پرنسپال سکریٹری سندیپ کمار سلطانیہ نے تمام عہدیداروں کو اس سلسلہ میں انتظامات کرنے کی ہدایت دی ہے۔

APCET:

تلنگانہ بھر میں انجینئرنگ، اگریکلچر اور فارمیسی کورسس میں داخلہ کے لئے ٹی ایس ای اے پی سیٹ میں داخلوں کے تحت درخواستیں داخل کرنے کا طریقہ کار آج سے شروع ہوا ہے۔حکومت کے تازہ احکام کے مطابق داخلہ مقامی امیدواروں کو 15 فیصد اور غیر مقامی کوٹہ کے مطابق دئے جائیں گے۔طلبہ دیرینہ فیس کے ساتھ 4 اپریل تک درخواستیں داخل کرسکتے ہیں۔ حکومت کے احکام کے مطابق ہائیر ایجوکیشن کونسل نے وجئے واڑہ اور کرنول میں امتحانی مراکز کو منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جی او نمبر 15 کے مطابق آندھراپردیش کے طلبہ، اس سال 15 فیصد غیر مقامی کوٹہ کے تحت داخلہ کے اہل نہیں ہوں گے۔

TEMPERATURE:

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے ریاست بھر میں درجہ حرارت میں اضافہ کی پیش قیاسی کی ہے۔روزانہ درجہ حرارت 36 اور 38 ڈگری سلسیس کے درمیان درج کیا جائے گا جبکہ تمام اضلاع کے لئے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔راست کے درجہ حرارت

میں بھی دھیرے دھیرے اضافہ ہوگا۔محکمہ موسمیات کی پیش قیاسی کے مطابق مارچ،اپریل اور مئی میں گرمی کی شدت زیادہ رہے گی۔اپریل اور مئی میں درجہ حرارت 42اور46ڈگری سلسیس کے درمیان ریکارڈ کیا جاسکتا ہے۔

MLC:

تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی نے پارٹی کے ایم ایل سی نوین کمار عرف تین مار ملنا کو مخالف پارٹی سرگرمیوں پر معطل کردیا ہے۔ ملنا کے خلاف یہ کارروائی اس وقت کی گئی جب وہ ذات پات پر مبنی رپورٹ پر تنقید کرنے کے بعد جاری کردہ وجہ نمائی نوٹس کا جواب دینے میں ناکام رہے۔ملنا نے کہا کہ اس صورتحال کے باوجود ذات پات کے سروے کے تعلق سے ان کا نظریہ تبدیل نہیں ہوگا۔

CM - BROCHURE:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج ینگ انڈیا پولیس اسکول بروچر اور ویب سائٹ کا آغاز کیا۔انہوں نے اسکولوں کے یونیفارم کا بھی جائزہ لیا اور تجویز پیش کی کہ پولیس اسکول کو قوم کے لئے مثالی بنایا جائے۔اس کے علاوہ انہوں نے داخلوں کے عمل میں شہید پولیس ملازمین کے بچوں کو ترجیح دئے جانے پر بھی زور دیا۔

DCA:

ڈرگ کنٹرول اڈمنسٹریشن نے ماہ فروری کے دوران ریاست بھر میں 28 بلڈ سنٹرس کا معائنہ کیا اور خلاف ورزی پر 4 بلڈ بینکس کے خلاف کارروائی کی۔

CM - REVIEW:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حیدرآباد میں واقع پولیس کمانڈ کنٹرول سنٹر میں منرل ڈیولپمنٹ ڈپارٹمنٹ کے تحت ایک جائزہ میٹنگ منعقد کی۔میٹنگ کے دوران خلیج میں فوت ہونے والے ورکرس کے خاندانوں کو ایکس گریشیاء دئے جانے کے معاملہ پر بات چیت کی۔سی ایم نے محکمہ فینانس کے پرنسپال سکریٹری رام کرشنا راؤ کو ہدایت دی کہ 113 متاثرہ خاندانوں کے لئے فوری فنڈس جاری کئے جائیں۔

SLBC:

ایس ایل بی سی سرنگ میں بچاؤ آپریشن شدت کے ساتھ جاری ہے۔وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے بتایا کہ گمشدہ مزدوروں کے تعلق سے کل تک تفصیلات سامنے آجائیں گی۔اسکاننگ کے نتائج کے مطابق مزدوروں کی باقیات پانچ تا آٹھ میٹر مٹی کے اندر موجود ہیں جبکہ دیگر چار مزدوروں کے تعلق سے خیال کیا ہے کہ وہ سرنگ میں مشینوں کے درمیان پھنسے ہوئے ہیں۔

انہوں نے مزید بتایا کہ اس آپریشن میں ماہرین کی جملہ 12 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔

KISHAN REDDY:

کوئلہ کے مرکزی وزیر کشن ریڈی نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی جانب سے پراجکٹس اور مرکز سے فنڈس کے حصول کے معاملہ میں ان پر لگائے گئے الزامات کی آج مذمت کی ہے۔حیدرآباد میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ یہ الزامات بے بنیاد اور غلط ہیں۔ان کے مطابق ریونت ریڈی نے یہ الزامات اس لئے لگائے ہیں تاکہ اپنی ناکامیوں کے تعلق سے عوام کی توجہ کو بانٹا جائے۔اس بات کا اظہار کرتے ہوئے کہ ان پر لگائے گئے الزامات میں کوئی سچائی نہیں ہے، مرکزی وزیر نے کہا کہ سی ایم اس طرح عوامی توجہ کو نہیں بھٹکا سکتے۔ان کے مطابق مرکز یا ریاستی حکومتوں کے لئے ترقیاتی پراجکٹ کے تحت فنڈس حاصل کرنے کے سلسلہ میں ایک واضح منصوبہ پایا جاتا ہے۔مرکزی وزیر نے یہ بھی وضاحت کی کہ وہ اوران کی پارٹی بی جے پی،عوام اور ریاست کی بھلائی کے لئے کام کرتے ہیں۔یہ بتاتے ہوئے کہ ریونت ریڈی نے ایک خط لکھتے ہوئے 1.66 لاکھ کروڑ روپے فنڈ مانگا،کشن ریڈی نے کہا کہ میٹرو ریل اور آر آر آر پراجکٹ کے لئے فنڈس کی اجرائی کا طریقہ جاری ہے۔انہوں نے سوال پوچھا کہ ریاستی حکومت نے میٹرو ریل کے دوسرے مرحلہ کو منظوری دینے کے لئے 10 مہینہ کا وقت لیا تب کس طرح چیف منسٹر فوری طور پر فنڈس کی منظوری کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔

Sound Byte Kishan Reddy

بی سی تحفظات کے معاملہ پر کشن ریڈی نے کہا کہ ان کی پارٹی کو توقع ہے کہ بی سی طبقات کے تحفظات صرف اسی طبقہ کو دئے جانے چاہئے۔

○○